سوال

(466)ایامِ مخصوصہ کی وجہ سےچھ سال پرانے روزوں کی قضا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

میں گزشتہ چھ سال سے "لوپ" استعمال کرتی رہی ہوں، اور میں ہر ماہ تقریبا ایک ہفتہ اپنے ایام حیض شمار کرتی تھی۔ مگر اب مجھے معلوم ہوا کہ میرے ایام پانچ دن ہوتے ہیں، تو اب ان دو دنوں کا کیا کروں جن میں کہ نہ روزے رکھتی رہی ہوں اور نہ نماز پڑھی ہے، جبکہ مدت چھ سال گزر چکی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس عورت کے ذمے ہے کہ جس قدر ایام کے روزے اس نے نہیں رکھے ہیں، ان کی قضا دے، اور نماز کے بارے میں کچھ نہیں ہے۔ ([1])

---

[1] یعنی توبہ کرے اور آئندہ کے لیے محتاط رہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 361

محدث فتویٰ